NYC Public Schools | Panel for Educational Policy

/nycschools
schools.nyc.gov/PEP

پینل اجلاس عمومی جائزہ: تعلیمی سال 2027 -2026

اجلاس کی معلومات اور کیلنڈر

تمام اجلاس شام 6:00 بجے (مشرقی وقت) شروع ہوں گے اور انٹرنیٹ پر براہ راست نشر کیے جائیں گے ۔(یہاں دیکھیں)۔ ہر ماہ کے اجلاس کے بارے میں اضافی معلومات ویب سائٹ پر یہاں دیکھی جاسکتی ہے: PEP - پینل اجلاس شیڈول۔ پینل اجلاسوں کے لیے ترجمانی کی خدمات **ہمیشہ** فراہم کی جائیں گی۔ اگر آپکو فراہم کردہ زبانوں کے علاوہ کسی اور زبان میں خدمات درکار ہیں تو برائے مہربانی ہم سے panel@schools.nyc.gov پر رابطہ کریں۔

اجلاس کی معلومات اور تاریخیں (تعلیمی سال 2026-2027)		
اجلاس کا مہینہ	**اجلاس کی نوعیت**	**اجلاس کی تاریخ**
جولائی	ماہانہ عام اجلاس	29 جولائی 2026
اگست	ماہانہ عام اجلاس	26 اگست 2026
ستمبر	ماہانہ عام اجلاس	30 ستمبر 2026
اکتوبر	ماہانہ عام اجلاس	28 اکتوبر 2026
نومبر	ماہانہ عام اجلاس	18 نومبر 2026
دسمبر	خاص اجلاس کے لیے روکا گیا ہے*	9 دسمبر 2026
	ماہانہ عام اجلاس	16 دسمبر 2026
جنوری	ماہانہ عام اجلاس	20 جنوری 2027
	خاص اجلاس کے لیے روکا گیا ہے*	27 جنوری 2027
فروری	خاص اجلاس کے لیے روکا گیا ہے*	10 فروری 2027
	ماہانہ عام اجلاس	24 فروری 2027
مارچ	خاص اجلاس کے لیے روکا گیا ہے*	17 مارچ 2027
	ماہانہ عام اجلاس	24 مارچ 2027
اپریل	ماہانہ عام اجلاس	14 اپریل 2027
مئی	خاص اجلاس کے لیے روکا گیا ہے*	5 مئی 2027
	ماہانہ عام اجلاس	19 مئی 2027
جون	ماہانہ عام اجلاس	9 جون 2027

*** ہم کئی تاریخوں کو "خاص اجلاسوں" کے لیے روک رہے ہیں جن کی ہمیں اسکول کو استعمال کرنے کی تجاویز کے لیے ضرورت پڑ سکتی ہے۔**

عوامی آراء میں شرکت

پینل اجلاس میں دو مختلف اقسام کی خود موجودگی میں عوامی آراء ہوتی ہیں: (1) عوامی تبصرہ اور (2) آزادانہ تبصرہ۔ **عوامی تبصرہ** ایجنڈا کی ہر اس شق پر ہوتا ہے جس پر پینل ووٹ ڈالے گا جیسے معاہدے، اسکول کی جگہ کے استعمال کی تجاویز، یا چانسلر کے ضابطے یا اور کچھ۔ وہ عوامی ممبران جو بولنے کے لیے سائن اپ کریں گے انہیں اجلاس کے موزوں وقفہ (وقفوں) کے دوران بولنے کے لیے ڈھائی منٹ (2:30) تک ملیں گے۔ **آزادانہ تبصرہ** عام طور پر اجلاس کے آخر میں ہوتا ہے، جب ایجنڈا کی تمام شقوں پر ووٹ ڈالے جا چکے ہوتے ہیں۔ آزادانہ تبصرہ خاص طور پر عوامی اراکین کو کسی بھی دلچسپی کے موضوع پر دو منٹ (2:00) تک بولنے کا موقع دینے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے— اجلاس کے ایجنڈے سے متعلق یا غیر متعلق دونوں۔ خود موجودگی میں تبصرے کے علاوہ، عوامی اراکین براہ راست تحریری عوامی تبصرے پورے پینل کو کسی بھی وقت جمع کروا سکتے ہیں۔

عوامی تبصرے کے لیے سائن اپ

عوامی یا آزادانہ تبصرے کے دوران کوئی بھی خود موجودگی میں آراء فراہم کرنے کے لیے سائن اپ کرسکتا ہے۔ مقررین کے لیے سائن اپ شام 5:30 سے 6:15 (مشرقی وقت) تک، میزبان اسکول کے دروازے پر اور ورچوئلی پینل کی ویب سائٹ دونوں پر کھلے گا (یہاں دیکھیں۔) مقررین صرف عوامی تبصرے کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں اور صرف ان ہی لوگوں کو مناسب وقفہ (وقفوں) کے دوران خطاب کرنے کے لیے بلایا جائے گا جنہوں نے سائن اپ کیا تھا۔ وہ افراد جو عوامی تبصروں کے دوران مخصوص ووٹنگ معاملات پر بات کرنا چاہتے ہیں، انہیں اجلاس کے متعلقہ حصے کے دوران ڈھائی منٹ (2:30) دیے جائیں گے۔ اس اثناء میں، جو افراد آزادانہ تبصرے کے دوران بولنا چاہتے ہیں انہیں اجلاس کے اس وقفے میں دو منٹ (2:00) تک دیے جائیں گے۔